نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب و لائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے ملتان میں مینگو فیسٹیول کا افتتاح کر دیا۔

حکومت پنجاب آم کی بر آمد کو بڑھانے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب

لاہور27جولائی2024: محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان میں مینگو فیسٹیول کا انعقاد ہوا۔وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے مینگو فیسٹیول کے دوسرے دن کی تقریبات کا افتتاح کیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی موجود تھے۔ مینگو فیسٹیول کے شرکاء سیخطاب کرتے ہوئے وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق زرعی ریسرچ سنٹرز کو اپ گریڈ کیا جارہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات کی روشنی میں زرعی تحقیق کیلئے اچھے ریسرچرز کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔مینگو فیسٹیول میں 100 سے زائد اقسام دیکھ کر خوشی گوار حیرت ہوئی۔ نمائش کنندگان کی بڑی تعداد میں شمولیت مینگو فیسٹیول کی کامیابی کا راز ہے۔پاکستانی آم کی پوری دنیا میں پہچان ہے۔پاکستانی آم کی کوالٹی بہتر کر کے اس کی بر آمد میں اضافہ کیا جائے گا۔ آم کی جدید تحقیق کیلئے مینگو ریسرچ انسٹیٹیوٹ کو سنٹر آف ایکسیلینس میں تبدیل کیا جائے گا۔زرعی سائنسدانوں کو بیرون ممالک زیادہ ڈیمانڈ والی اقسام کی دریافت کا ٹاسک دیا ہے۔اس موقع پر انہوں نے بتایا کہ آم کے باغبانوں کو جدید ٹیکنالوجی کی فراہمی کیلئے متعلقہ فیلڈ فارمیشنز کو ٹاسک سونپ دیا گیا ہے۔اس کے علاوہ بیماریوں سے پاک آم کی نرسری کی تیاری کا ٹاسک بھی ریسرچرز کو سونپا گیا ہے۔ آم کی بر آمد میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے پنجاب حکومت بھرپور تعاون کرے گی۔ آم کی بر آمد کی اہمیت کی حامل اقسام کی کاشت کے فروغ کیلئے تجاویز مرتب کر کے سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل کے زریعے بھجوائی جائیں۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی اور مینگو ریسرچ انسٹیٹیوٹ کے اشتراک سے آم کے بارے میں مشاورتی سیشن کا انعقاد ایک اچھا اقدام ہے۔مشاورتی سیشن سے باغبانوں کے مسائل کے حل کے بارے میں آگاہی حاصل ہوئی۔ حکومت پنجاب اپنے دائرہ اختیار کے مطابق آم کے باغبانوں کو درپیش مسائل کا حل کرے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی حکومت کی سطح کے مسائل کے حل کیلئے متعلقہ فورم سے رابطہ کیا جائے گا۔مینگو فیسٹیول میں۔اس موقع پر ممبران پنجاب اسمبلی رانا محمد سلیم، ملک لال محمد جوئیہ ،اسامہ فضل چوہدری، سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد رجوانہ سمیت آموں کے بر آمد و درآمد کنند گان، ریسرچرز، باغبانوں، محکمہ زراعت پنجاب کے افسران اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

☆☆☆☆